© rasailojaraid.com



اور کاغذ متوسط قیمت ۱۰ر پتہ :- ادارۂ ادبیات حیدرآباد دکن۔

انسانی زندگی کی راحت و آسائش میں پودوں کا جتنا بڑا حصہ ہے وہ ظاہر ہے۔ یہ پودے غذاؤں میں، دواؤں میں، مکان کی تعمیر و تزئین میں اور لباس وغیرہ میں کام آتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ان سے متعلق اردو زبان میں جو معلومات ہیں وہ کم کیا کالعدم ہیں۔ اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے یہ مختصر سا رسالہ لکھا گیا ہے جس میں پودوں نے اپنی کہانی خود اپنی زبانی بیان کی ہے اور عام فہم انداز میں تصویروں کی مدد سے یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ پودے بھی احساس و تاثر رکھتے ہیں اور توانائی اور غذا حاصل کرتے ہیں۔ لیکن اس کی صورتیں مختلف ہیں۔ اس کے علاوہ پودے نائٹروجن سے بھی جو کثیر مقدار میں ہوا میں موجود ہوتی ہے استفادہ کرتے ہیں۔ رسالہ عام معلومات کے لحاظ سے بہت مفید ہے۔ لیکن ضرورت ہے کہ اس موضوع پر اردو زبان میں ضخیم اور محققانہ کتابیں شائع کی جائیں۔

**ماہِ لقا اور دوسری نظمیں** از عزیز احمد صاحب تقطیع خورد ضخامت ۹۹ صفحات طباعت و کتابت اور کاغذ بہتر قیمت عمر پتہ :- سب رس کتاب گھر رفعت منزل خیریت آباد حیدرآباد دکن۔

اس مجموعہ میں تین نظمیں شامل ہیں جو "منظوم تمثیل" کی حیثیت رکھتی ہیں۔ لائق مصنف لندن کے بی۔ اے آنرز ہیں اور غالباً انگریزی زبان کے استاد بھی ہیں۔ اس بنا پر ان کے تخیل اور طرز بیان پر انگریزی شاعری کا غلبہ ہے۔ یہ تینوں نظمیں اس کا بین ثبوت پیش کرتی ہیں۔ آخری نظم "فردوس برروئے زمین" میں انھوں نے آج کل کی مہمل اور "ترقی پسندانہ" شاعری کا خوب مذاق اڑایا ہے اس سے شاعر کی سلامتِ طبع کا اندازہ ہوتا ہے۔ اگرچہ ن م۔ راشد اور میراجی کا منہ چڑانے میں خود شاعر کا ذہن بھی بگڑ سا گیا ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ نقل مطابق اصل ہوگئی ہے۔ شروع کی دو نظمیں کسی قدر پیچیدہ اور مغلق ضرور ہیں اور بحر کے اعتبار سے بھی نامانوس ہیں لیکن مہمل اور بے معنی نہیں بلکہ ایک خاص قسم کی جدت کی حامل ہیں۔



© rasailojaraid.com